# بچوں کے ساتھ حج وعمرہ کرنے والوں کیلئے اہم خبر



مکہ، 15 دسمبر (یو این آئی) مسجد الحرام اور مسجد نبوی میں بچوں کی شناخت کے لیے خصوصی سیفٹی رسٹ بینڈز متعارف کرادیئے گئے۔ مسجد الحرام اور مسجد نبوی ؟ کے امور کی دیکھ بھال کی جنرل اتھارٹی نے سعودی عرب کے شہر مکہ مکرمہ میں واقع مسجد الحرام میں بچوں کی حفاظت کا ایک نیا اقدام متعارف کروایا ہے، جس کے تحت آنے والے بچوں کو شناخت کے بریسلٹس جاری کیے جا رہے ہیں۔ یہ بریسلٹس سرپرستوں کے رابطہ کی تفصیلات پر مشتمل ہوتے ہیں، جو بچے کے گم ہونے یا الگ ہونے کی صورت میں فوری شناخت کو ممکن بناتے ہیں، رسٹ بینڈز پر والدین کے رابطہ نمبر درج ہوں گے۔ یہ اقدام زائرین کی حفاظت کو بڑھانے اور عملے کو ہنگامی صورتحال میں مؤثر طریقے سے مدد فراہم کرنے کے لیے ایک مربوط نظام کا حصہ ہے، بچے کی گم ہونے یا بچھڑنے کی صورت میں فوری رابطہ کیا جا سکے گا، یہ اقدام زائرین، بالخصوص بچوں کے تحفظ کو یقینی بنانے اور حرمین شریفین میں نظم وضبط کو مزید بہتر بنانے کے لیے کیا گیا ہے۔ گلف میڈیا کے مطابق شناخت کے بریسلٹس اہم داخلی دروازوں پر دستیاب ہیں، جن میں باب عبدالعزیز اور باب فہد (گیٹ نمبر 79 شامل ہیں، جہاں مخصوص عملہ سرپرستوں کو رابطہ کی معلومات رجسٹر کرانے میں آسانی سے مدد فراہم کرتا ہے۔ سعودی حکام نے تمام سرپرستوں پر زور دیا اور کہا کہ وہ اس سہولت سے فائدہ اٹھائیں، خاص طور پر مصروف ادوار جیسے عمرہ کے سیزن اور حج کے دوران، جب مسجد الحرام میں زائرین کی تعداد میں خاطر خواہ اضافہ ہوتا ہے۔

# برسوں تک ملحد رہنے کے بعد اب خدا پر یقین: ایلون مسک



سان فرانسسکو، 15 دسمبر (یو این آئی) دنیا کی امیر ترین شخصیت، ٹیکنالوجی ماہر اور اسپیس ایکس وٹیسلا کے سربراہ ایلون مسک نے انکشاف کیا ہے کہ برسوں تک ملحد رہنے کے بعد اب وہ خدا کے وجود پر یقین رکھتے ہیں۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق گزشتہ برس ایلون مسک نے خود کو 'کلچرل کرسچن' قرار دیا تھا۔ حال ہی میں کیٹی ملر کے پوڈکاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے ایلون مسک نے اپنے مذہبی خیالات پر کھل کر بات کی۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں میں کسی بھی عقیدے پر یقین نہیں رکھتا تھا، تاہم اب میری سوچ بدل چکی ہے۔ ایلون مسک نے کہا کہ میں یقین رکھتا ہوں کہ یہ کائنات کسی نہ کسی چیز سے وجود میں آئی ہے، اس کا خالق خدا ہے۔ انہوں نے یہ واضح نہیں کیا کہ وہ کس مذہب سے وابستہ ہیں، تاہم انہوں نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ وہ اب خود کو ملحد نہیں سمجھتے۔ یاد رہے کہ گزشتہ برس انہوں نے کہا تھا کہ وہ ایک 'ثقافتی عیسائی' ہیں۔

# انسانوں نے چار لاکھ سال قبل آگ جلانا سیکھ لیا تھا: برطانوی سائنسدانوں کا انکشاف

لندن/۱۵ دسمبر/ (آفاق نیوز ڈیسک) برطانیہ کے سائنسدانوں نے ایسے شواہد دریافت کیے ہیں، جو بتاتے ہیں کہ ابتدائی انسانوں نے تقریباً چار لاکھ سال قبل آگ جلانا سیکھ لیا تھا، یعنی یہ بہت پہلے کی تاریخ ہے، جتنا پہلے تصور کیا جاتا تھا۔ Nature جریدے میں شائع ہونے والی ایک تحقیق کے مطابق مشرقی انگلینڈ میں بارنہم کے مقام پر کی گئی دریافتوں نے قابو شدہ آگ کے استعمال کی سب سے قدیم تاریخ کو تقریباً 3 اعشاریہ 5 لاکھ سال پیچھے دھکیل دیا، جبکہ اس سے پہلے سب سے قدیم تصدیق شدہ شواہد نیاندرتھال انسانوں سے شمالی فرانس میں تقریباً 50 ہزار سال قبل پائے گئے تھے۔ برٹش میوزیم کی قیادت میں ایک تحقیقاتی ٹیم نے حرارت سے پکایا گیا مٹی کا نمونہ، شدید حرارت سے متاثر شدہ پتھر کے ہاتھ کے اوزار اور آئرن پائریٹ کے ٹکڑے دریافت کیے جو پتھر سے مارنے پر چنگاریاں پیدا کر سکتے ہیں۔ جیوکیمیائی (Geochemical) تجزیوں سے معلوم ہوا کہ درجہ حرارت 700 ڈگری سینٹی گریڈ سے تجاوز کر گیا تھا اور ایک ہی مقام پر بار بار جلنے کے آثار بھی پائے گئے۔ محققین کا کہنا ہے کہ انہوں نے شواہد کے تجزیے میں چار سال صرف کیے تاکہ جنگلاتی آگ کے قدرتی امکانات کو مسترد کیا جا سکے اور



اس بات کی تصدیق کی کہ جلنے کا نمونہ جان بوجھ کر بنائے گئے آتشدان سے مطابقت رکھتا ہے، نہ کہ بجلی کے گرنے سے پیدا ہونے والے اثرات سے۔ ماہرین آثار قدیمہ کے مطابق یہ دریافت انسانی تاریخ میں ایک اہم سوال کے جواب میں مددگار ہے: انسان نے آگ جلانا اور اس پر قابو پانا کب شروع کیا، بجائے اس کے کہ صرف قدرتی مظاہر پر انحصار کرتا رہا۔

# کنگ چارلس متعدد غیر ملکی دوروں پر روانہ ہونے کیلئے تیار



لندن، 15 دسمبر (یو این آئی) برطانیہ کے بادشاہ کنگ چارلس سوم نے کینسر کے علاج میں مثبت پیش رفت کے بعد 2026ء میں متعدد غیر ملکی دوروں کا منصوبہ بنا لیا ہے۔ شاہی خاندان کے ذرائع کے مطابق کنگ چارلس اپنی اہلیہ ملکہ کمیلا کے ہمراہ آئندہ سال 15 ہزار میل سے زائد کا سفر کریں گے۔ ان دوروں میں امریکہ اور کیریبین کے ممالک بھی شامل ہیں۔ فروری 2024ء میں کینسر کی تشخیص کے بعد کنگ چارلس کے بیرون ملک سفر محدود ہو گئے تھے کیونکہ انہیں ہفتہ وار علاج کی ضرورت تھی۔ حالیہ دنوں میں انہوں نے ایک دورے کے دوران بتایا کہ ان کی صحت میں بہتری کے سبب علاج میں کمی کی جا رہی ہے۔ شاہی خاندان کے ترجمان کے مطابق بادشاہ اس بات پر خوش ہیں کہ ان کی صحت سے متعلق سامنے آنے والی مثبت رپورٹ سے لوگوں کو حوصلہ ملا ہے۔ کنگ چارلس نے اپریل 2025ء میں امریکہ کا دورہ کیا تھا جہاں انہوں نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے بھی ملاقات کی۔ رواں سال کنگ چارلس نے مئی میں کینیڈا اور اکتوبر میں اٹلی کا بھی دورہ کیا تھا۔

# لندن میں کرسمس سے قبل جرائم روکنے کیلئے سیکڑوں پولیس افسران تعینات



لندن، 15 دسمبر (یو این آئی) کرسمس سے قبل لندن کے سیاحتی مقامات اور دیگر معروف علاقوں میں اندھیرا چھا جانے کے بعد جرائم اور غیر سماجی رویہ کو روکنے کیلئے سینکڑوں پولیس افسران کو تعینات کر دیا گیا ہے، جو مقامی بزنسز اور کونسلوں کے ساتھ مل کر شاپنگ کیلئے آنے والے افراد کو تحفظ فراہم کر رہے ہیں۔ زیادہ رش والے علاقوں میں یونیفارم والے افسران کے علاوہ سادہ کپڑوں میں بھی افسران موجود ہیں جو شاپ لفٹرز اور خواتین اور لڑکیوں کو تشدد کی دھمکیاں دینے والی پر نظر رکھے ہوئے ہیں۔ میئر لندن سر صادق خان کے آفس سٹی ہال نے جرائم سے نمٹنے اور عوام کے اعتماد کی بحالی کیلئے مالی تعاون کیا ہے۔ چاقو کے جرائم سے نمٹنے کیلئے میٹ پولیس ویسٹ منسٹر، لیمبتھ، سدک اور ہیر نگے کے مقامات کی نشاندہی ڈیٹا کے تجزیہ سے کر رہی ہے جہاں یہ جرائم عام ہیں، جرائم کے انسداد کیلئے پولیس افسران کے پاس لائیو فیشل ریکگنیشن، ٹریفک انٹرسپٹر اور ای بائیک کی ٹیمیں بھی موجود ہیں۔ سٹی ہال کے مطابق سال کے اس وقت کو گولڈن کوارٹر کہا جاتا ہے جب لندن میں ایک بلین پاؤنڈ سے زیادہ کا کاروبار ہوتا ہے۔ میئر لندن سر صادق خان کا کہنا ہے کہ لندن کا کوئی موازنہ نہیں اور اس کی ہائی اسٹریٹس، ری ٹیلرز اور ریسٹورنٹس لوگوں کو خوش آمدید کہنے کیلئے تیار ہیں۔

# امریکہ جانے کے خواہشمندوں کی سوشل میڈیا اسکریننگ کا عمل آج سے شروع



واشنگٹن، 15 دسمبر (یو این آئی) امریکی محکمہ خارجہ کے نئے حکم کے مطابق ٹرمپ انتظامیہ آج (15 دسمبر) سے تمام ایچ 1 بی ویزا درخواست گزاروں اور ان کے اہل خانہ کے ایچ 4 ویزا کے خواہشمندوں کی جانچ پڑتال کے عمل کو مزید سخت کرتے ہوئے ان کے سوشل میڈیا پروفائلز کی بھی اسکریننگ شروع کر رہی ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق طلبہ اور ایکسچینج وزیٹرز کی آن لائن سرگرمیوں کا پہلے ہی باقاعدہ جائزہ لیا جا رہا ہے، تاہم اب اس شرط کا دائرہ کار بڑھا کر ایچ 1 بی ویزا اور ایچ- 4 ویزا درخواست گزاروں کو بھی شامل کر لیا گیا ہے۔ محکمہ خارجہ کے مطابق اس جانچ پڑتال کو آسان بنانے کے لیے ایچ 1 بی ویزا اور ایچ- 4، ایف، ایم اور جے نان امیگرنٹ ویزا کے تمام درخواست گزاروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے تمام سوشل میڈیا اکاؤنٹس کی پرائیویسی سیٹنگز 'پبلک' پر رکھیں۔ واضح رہے کہ ایف، ایم اور جے ویزے طلبہ اور ایکسچینج وزیٹرز کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔ امریکی محکمہ خارجہ نے زور دیا ہے کہ امریکی ویزا ایک سہولت ہے، حق نہیں اور ویزا اسکریننگ کے دوران دستیاب تمام معلومات استعمال کی جاتی ہیں تاکہ ایسے درخواست گزاروں کی نشاندہی کی جا سکے جو امریکہ کے لیے ناقابل قبول ہوں یا قومی سلامتی اور عوامی تحفظ کے لیے خطرہ بن سکتے ہوں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ہر ویزے کا فیصلہ قومی سلامتی سے جڑا ہوتا ہے۔

# ایمبولینس کے اندر حقہ پینے کی وائرل ویڈیو پر شہری ناراض

دمشق، 15 دسمبر (یو این آئی) شام میں دمشق اسپتال کے باہر ایک ایمبولینس کے اندر اسٹاف کی حقہ پینے کی ویڈیو وائرل ہوگئی ہے، جس نے شامیوں کو ناراض کر دیا ہے۔ اتوار کے روز شامی سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو وائرل ہوئی ہے، جس میں ایمبولینس کے اندر ایک شخص کو حقہ پیتے دیکھا جا سکتا ہے، بعض افراد نے دعویٰ کیا ہے کہ یہ گاڑی دارالحکومت دمشق کے المواساۃ یونیورسٹی اسپتال کی ہے۔ ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی تو شامی شہریوں میں غم وغصے کی لہر دوڑ گئی، تاہم اسپتال نے ایک بیان میں اس ویڈیو کلپ سے کسی بھی تعلق کی تردید کی اور کہا کہ یہ پرانی ویڈیو ہے اور اس ویڈیو کے پیچھے کوئی نجی فریق اسپتال کی ساکھ کو خراب کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ شامی وزارت صحت نے بھی اس معاملے میں مداخلت کی اور گزشتہ روز ہفتے کی شام اپنے فیس بک اکاؤنٹ پر ایک بیان میں واضح کیا کہ ویڈیو میں نظر آنے والی ایمبولینس نجی تھی اور وزارت کے نظام یا کسی دوسرے سرکاری ادارے سے وابستہ نہیں تھی۔ وزارت نے تمام شہریوں پر بھی زور دیا کہ وہ صحت کے شعبے میں کسی بھی خلاف ورزی کو دیکھتے ہی وزارت سے رابطہ کریں، وزارت کا کہنا تھا کہ ایمبولینس کے شعبے میں کام کرنے والے تمام فریقوں پر معیار کی تعمیل کے حوالے سے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

# سعودی عرب کے کئی علاقے جمعرات تک بارش کی زد میں

ریاض، 15 دسمبر (یو این آئی) سعودی عرب کے جنرل ڈائریکٹوریٹ آف سول ڈیفنس کی جانب سے مملکت کے بعض علاقوں میں جمعرات تک بارش کا الرٹ جاری کر دیا گیا ہے۔ سعودی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق مکہ مکرمہ ریجن میں درمیانے درجے سے شدید بارش کا الرٹ جاری کیا گیا ہے، ژالہ باری، گرد وغبار اور سیلابی صورتحال متوقع ہے۔ الیث، القنفذہ، طائف، میسان، اضم، الرضیات متاثر بھی ہوں گے۔ ریاض ریجن میں بھی ابر رحمت متوقع ہے، خلیص، رابغ، جدہ بحیرہ، العاصمہ، المقدسہ، الکامل، تربہ، المویہ، الجموم اور الخرمہ میں ہلکی سے درمیانے درجے کی بارش ہوسکتی ہے۔ رپورٹس کے مطابق سیلابی صورتحال، ژالہ باری اور گرد وغبار سے ریاض شہر سمیت کئی علاقے متاثر ہوں گے۔ الشرقیہ ریجن، حدود الشمالیہ، تبوک، مدینہ، حائل، قصیم، الجوف، الباحہ، عسیر اور جازان کے علاقے درمیانے سے شدید بارش ہوسکتی ہے، نجران میں ہلکی سے درمیانے درجے کی بارش کا امکان ہے۔ سعودی عرب میں ڈائریکٹوریٹ کی جانب شہریوں کو احتیاطی تدابیر کے ساتھ خود کو محفوظ مقامات تک محدود رکھنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔ جاری کی گئی ہدایت میں کہا گیا ہے کہ سیلاب سے متاثرہ مقامات، وادیوں اور نشیبی مقامات سے دور رہیں۔

# سڈنی حملے کے بعد نیویارک میں سکیورٹی ہائی الرٹ

واشنگٹن، 15 دسمبر (یو این آئی) سڈنی کے مشہور بونڈی بیچ پر فائرنگ واقعے کے بعد امریکی شہر نیویارک سٹی میں ہنوکا کی تقریبات اور عبادت گاہوں کے اطراف سکیورٹی سخت کر دی گئی ہے۔ بین الاقوامی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق نیویارک پولیس کمشنر جیسیکا ٹسک نے گزشتہ روز پریس کانفرنس کے دوران بتایا ہے کہ سڈنی حملے اور نیویارک سٹی کے درمیان کسی قسم کا کوئی معلوم تعلق نہیں ہے اور شہر میں ہونے والی تقریبات کو بظاہر کوئی خطرہ لاحق نہیں۔ تاہم انتہائی احتیاط کے پیش نظر نیویارک پولیس ڈیپارٹمنٹ ان تقریبات کی سکیورٹی کے لئے اضافی اہلکار اور وسائل تعینات کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس کی اضافی نفری، خصوصی گشت، ہیوی ویپنز ٹیمیں، کمیونٹی افیئرز افسران، انسداد دہشت گردی کے وسائل اور جہاں مناسب ہو وہاں بم سکواڈ تعینات کیے جائیں گے۔ ہم نیویارک کے شہریوں کی حفاظت یقینی بنانے کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہے ہیں۔ پریس کانفرنس میں نیویارک کے میئر ایرک ایڈمز نے سڈنی کے واقعے کو عالمی سطح پر پھیلتی انتہاپسندی کی مثال قرار دیا۔

# جمی لائی کو ہانگ کانگ میں چین مخالف فسادات بھڑکانے کا مجرم پایا گیا

ہانگ کانگ، 15 دسمبر (یو این آئی) جمی لائی کو پیر کو ہانگ کانگ میں چین مخالف فسادات بھڑکانے، بیرونی طاقتوں کے ساتھ سازش کرنے اور فتنہ انگیز مواد شائع کرنے کا قصوروار پایا گیا۔ ہانگ کانگ کے خصوصی انتظامی علاقے کی ہائی کورٹ نے اب بند ہو چکے ایپل ڈیلی اخبار اور تین کمپنیوں کے خلاف قومی سلامتی کے مقدمے میں فیصلہ سنایا۔ مدعا علیہان میں لائی، ایپل ڈیلی لمیٹڈ، ایپل ڈیلی پرنٹنگ لمیٹڈ، اور ایپل ڈیلی انٹرنیٹ لمیٹڈ شامل ہیں۔ ان سب پر بغاوت پر مبنی مواد شائع کرنے اور بیرونی طاقتوں کے ساتھ ساز باز اور سازش کرنے کا الزام عائد کیا گیا تھا۔ لائی کو بیرونی طاقتوں کے ساتھ ساز باز اور سازش کرنے کے ایک الگ الزام کا بھی سامنا ہے۔ مقدمے کی سماعت باضابطہ طور پر 18 دسمبر 2023 کو شروع ہوئی اور اس کی صدارت ہانگ کانگ کے قومی سلامتی کے قانون کے تحت مقرر کردہ تین ججوں نے کی۔ استغاثہ نے 11 جون 2024 کو اپنے حتمی ثبوت پیش کیے اور 25 جولائی کو عدالت نے فیصلہ دیا کہ تمام الزامات درست پائے گئے۔ لائی کی گواہی 20 نومبر 2024 کو شروع ہوئی اور مارچ 2025 میں ختم ہوئی۔ اختتامی دلائل 18 اگست کو شروع ہوئے اور 28 اگست کو ختم ہوئے۔ ہانگ کانگ پولیس فورس کے قومی سلامتی کے محکمے نے پیر کو صحافیوں کو بتایا کہ لائی کے خلاف تینوں الزامات ثبوتوں سے ثابت ہیں۔ محکمہ نے کہا کہ اس کیس میں عدالتی کارروائی میں 2,220 سے زیادہ شواہد کی جانچ پڑتال شامل ہے۔ محکمے نے کہا کہ کارروائی کی شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے، عدلیہ نے مقدمے کی سماعت کے دوران ہر سماعت پر عوام کے لیے 400 سے زائد نشستیں مخصوص کیں۔ محکمہ نے یہ بھی کہا کہ لائی نے اس عرصے کے دوران مناسب طبی دیکھ بھال حاصل کرنا جاری رکھی۔

# چین کی پویانگ جھیل 90 فیصد سکڑ گئی ہے

نانچانگ، 15 دسمبر (یو این آئی) چین کی میٹھے پانی کی سب سے بڑی جھیل پویانگ جھیل 90 فیصد سکڑ گئی ہے۔ حکام نے بتایا کہ چین کے صوبہ جیانگشی میں واقع شنگزی ہائیڈرولوجیکل اسٹیشن پر اتوار کی صبح جھیل کے پانی کی سطح صرف 8 میٹر ریکارڈ کی گئی۔ اس سال، پانی فراہم کرنے کی کوشش کی۔ کمپنی نے اردگرد کے 160,000 شہری اور دیہی رہائشیوں کے لیے پینے کے پانی کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے پینے کے پانی کے ذرائع کے معائنے میں بھی اضافہ کیا۔ پانی کے معیار کی جانچ بھی اکثر کی جاتی تھی۔ حالیہ برسوں میں،



پویانگ جھیل کے پانی کی سطح پہلی بار 8 اگست کو 12 میٹر خشک سالی کی وارننگ لائن سے نیچے گر گئی، جو پچھلے سالوں کے اوسط وقت سے 87 دن پہلے تھی۔ اس سال اب تک، جھیل 217 دن تک خشک سالی کی وارننگ لائن سے نیچے رہی، یعنی سال کا تقریباً دو تہائی حصہ کم پانی کی حالت میں گزرا۔ اس صورت حال سے نمٹنے کے لیے، قریبی ڈوچانگ کاؤنٹی میں پانی فراہم کرنے والی ایک کمپنی نے 10 پمپوں کا استعمال کرتے ہوئے باہر سے جھیل کو جھیل کے پانی کی سطح مسلسل کم رہی ہے۔ 2022 میں، یہ 4.6 میٹر کی ریکارڈ کم ترین سطح پر گر گیا۔ اگلے سال، 20 جولائی کو جھیل اپنے خشک دور میں داخل ہوگئی۔ ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ پانی کی سطح کم رہنے سے لاکھوں ہجرت کرنے والے پرندوں کی سردیوں کی نقل مکانی پر اثر پڑے گا، جن میں سائبیرین کرینز، اورینٹل سٹارک اور سفید نیپڈ کرین شامل ہیں، نیز فینلیس پورپوز جیسی آبی انواع کی افزائش پر بھی اثر پڑے گا۔ جھیل کے آس پاس کی مقامی حکومتیں صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہیں اور پانی کے انتظام کے مناسب اقدامات پر عمل درآمد کر رہی ہیں۔ وہ اثرات کو کم کرنے کے لیے ہنگامی اقدامات جیسے کہ ڈریجنگ چینلز اور پانی کو بھر رہے ہیں۔ پویانگ جھیل اپنے اچھی طرح سے برقرار رکھنے والے ماحولیاتی نظام کی وجہ سے ایشیا میں آبی پرندوں کے لیے موسم سرما کی ایک اہم جگہ ہے۔


## PUBLIC NOTICE

I Arshad ahmad Thakur S/o Asadullah Thakur R/o Lasjan Srinagar Kashmir, intends to apply in the office of Prescribed Authority of Directorate of Tourism Kashmir for registration of my proposed Paying Guest House /Home Stay under the name and style "The good life lodge Situated at Indranagar Bb cantt Kashmir under the Tourist Trade Act 1978/82/2011.

Whereas, I will submit Landownership Certificate from Concerned Tehsildar with attested photographs of the unit through Dy. Commissioner concerned, Rent/Lease Deed/Partnership Deed/issued by concerned Sub-Registrar, Judicial Magistrate (if applicable NOC from the owner to the effect that the property can be used as Home stay), Character Certificate of the applicant from the concerned Police Station, undertaking from the owner as self declaration, Public Notice inviting objections, if any in print media, list of family members Name, Age, and Photograph self attested by owner, Photographs of the unit as mentioned in the application (each of exterior and individual bed rooms and bathrooms), Inspection report by the Committee ( The recommendation of the inspection Committee shall decide whether to issue a registration to the unit or not keeping in view, the type of accommodation and amenity, adhar card.

Now before my case is processed for registration by the Prescribed Authority.The matter is hereby notified for information of general Pubic /organizations for objections if any and the same should reach to the office of Prescribed Authority within a period of 7 days from the publication of this notico in leading local newspaper of the Valley. Objections received beyond the period of 7 days from the date of publication shall not be entertained and the case shall be processed under rules as per merit.



Government of Jammu & Kashmir

## OFFICE OF THE EXECUTIVE ENGINEER
## MECHANICAL& HOSPITAL DIVISION SRINAGAR

(Erstwhile Mechanical Hospital & Central Heating Division Srinagar)
Contact No: 0194-2496089, Email Id: exen-mechospsgr@jk.gov.in
GIST of e-tender
e-NIT No: M&HDS/TS /2025-26/117/e-tendering,
Dated: 13.12.2025 (Short Term)

For and on behalf of the Lt. Governor, J&K UT e-tenders are invited in two cover system on percentage basis from registered/reputed/experienced firms with J&K State Govt., CPWD, Railways and other State/Central Governments for the below mentioned work: -

| Name of Work | Est. Cost (In rupees) | Cost ofT/Doc. (In rupees) | Time of completion (in days) | AA Accorded Vide No: | TS No | Earnest Money | Position of Funds |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. Modification / Up-gradation of Existing Scan Make Lift Installed at Casualityof SMHS Hospital, Srinagar, Including 1-Year Defect Liability Period and 1-Year Comprehensive Maintenance Contract (CMC) | 873800 | 500 | 45 days | 04 Mcsopf 2025 Dt:-08.05.2025 | MHED/K/TS/154 Dated:-13.12.2025 | 2% of the estimated cost | Available with intending Department |

The bidding document consisting of qualifying information, eligibility criteria, specifications, Bill of quantities (B.O.Q), Set of terms and conditions of contract and other details can be seen/downloaded from the Govt. website www.jktenders.gov.in as per schedule given below:-

| | | |
|---|---|---|
| 1. | Publish date | 13.12.2025 (18:00 hrs) |
| 2. | Period of downloading of bidding document | 13.12.2025 (18:00 hrs) |
| 3. | Bid submission start date | 13.12.2025 (18:00 hrs) |
| 4. | Bid submission end date | 26-12-2025 (13:00 hrs) |
| 5. | Date and time of opening of bids | 26-12-2025 (15:00 hrs) |

Sd/-
Executive Engineer,
M&HD, Srinagar

No: M&HDS/TS/6967-71 Dated:13.12.2025
DIPK-9006-25 Dated 15-12-2025

## موبائل فون ہمارے لئے ہے
# یا ہم موبائل فون کیلئے؟

از: مولانا محمد نعمان رضا علیمی

بنارس



ہے دل کے لیے موت مشینوں کی زندگی
احساس مروت کو کچل دیتے ہیں آلات

جدید ٹیکنالوجی نے انسانی زندگی کے لیے بے شمار آسانیاں پیدا کی ہیں۔ موبائل فون آج کے تیز ترین ترقی یافتہ دور کی ضرورت ہے اور اس کے فوائد سے بھی انکار نہیں کیا جاسکتا۔

دورِ حاضر کی انقلابی ایجاد سمارٹ فون کو کہا جاسکتا ہے جس سے فاصلے بھی سمٹ گئے ہیں اور معلومات کا ایک جہان بھی آپ کے ہاتھ میں کھیل رہا ہوتا ہے۔ موبائل فون جس کی بدولت دنیا ایک گلوبل ویلیج بن چکی ہے۔ اب ہم جہاں بھی ہوں، جو بھی معلومات درکار ہوں، اِک پل میں ہمیں موصول ہو جاتی ہیں۔ موبائل فون کسی بھی خبر کو دوسروں تک پہنچانے کا تیز ترین ذریعہ ہے وہ حقائق جو نیوز چینل پہ ہم تک نہیں پہنچ پاتے موبائل فون ان کا پردہ فاش کر دیتا ہے۔

جدید دور کی جدت دیکھیے، دور دراز رہنے والوں کے آج واٹس ایپ، اسکائپ، فیس بک کے ذریعے سارے فاصلے بالکل ختم ہو چکے ہیں۔ گوگل جیسی سائنس نے دنیا بھر کی انفارمیشن لا کر ہمارے قدموں میں رکھ دی ہے۔ پہلے کبھی کسی معلومات کے حصول کے لیے دور دراز کا سفر کرنا پڑتا تھا یا پھر بے شمار کتابیں چھاننی پڑتی تھیں۔ مگر اب ایک لفظ گوگل پر لکھ کر سرچ کرنے سے کیا کچھ کھل کر سامنے آجاتا ہے کہ عقل دنگ رہ جاتی ہے۔

موبائل فون کا مثبت استعمال کیا جائے تو بہت سے فوائد ہیں جیسے کہ تعلیم حاصل کرنا آج کل کے دور میں بہت آسان ہوگیا ہے مثلاً یوٹیوب کے ذریعے معلوماتی ویڈیوز دیکھ کر ہم اپنی معلومات میں بے پناہ اضافہ کر سکتے ہیں جو شخص بھی جس قسم کی معلومات حاصل کرنا چاہتا ہے اس تک اس کی پہنچ بہت آسان ہوگئی ہے۔

اسی بیچ اگر ہم حالات کا گہرائی سے مطالعہ کریں تو ہم اس نتیجے پر پہنچیں گے کہ موبائل فون کے مثبت اور منفی اثرات تیزی سے ہمارے معاشرے میں پھیل رہے ہیں۔

موبائل فون کے نقصانات کی فہرست بہ نسبت اس کے فوائد کے زیادہ طویل ہے۔ نوجوانوں میں فحاشی و عریانیت پھیلانا اسلام دشمن قوتوں کا مقصد ہے۔ ان کے اس مقصد کی تکمیل کے لیے موبائل فون ایک اہم ہتھیار ثابت ہو رہا ہے۔ دور بیٹھے احباب سے رابطہ تو آسان بن چکا ہے لیکن قریبی تعلقات دور ہوتے چلے گئے ہیں۔ بنا سوچے سمجھے تصاویر وغیرہ شیئر کرنے کے کئی نقصانات سامنے آچکے ہیں۔ بے مقصد شہرت اور زیادہ لائیکس حاصل کرنے کے چکر میں اسلامی و اخلاقی اقدار کو روندا جاتا ہے۔ نازیبا تصاویر اور ویڈیوز شیئر کر کے کئی گناہوں کا ارتکاب کیا جاتا ہے۔ یہ ایک تلخ حقیقت ہے کہ موبائل فون کی بدولت خودکشی کو فروغ ملا ہے۔ اس کے علاوہ جھوٹی خبروں کی تشہیر، دھوکا دہی، جعل سازی، اکاؤنٹس ہیکنگ کے بڑھتے ہوئے حادثات میں موبائل فون کا بنیادی کردار ہے۔ عصر حاضر کے اکثر نوجوانوں کا کاہل ہونا، سست، تن آسان اور ذہنی و فکری طور پر مفلوج ہونا موبائل فون کے نشے کی وجہ سے ہے۔

ایسے حالات جب ہم دیکھتے ہیں تو پھر ہم یہ بات سوچنے پہ مجبور ہو جاتے ہیں کہ موبائل فون ہمارے لیے ہے یا ہم موبائل فون کے لیے؟

دراصل موبائل فون خود ایک اچھا یا برا پلیٹ فارم نہیں ہے۔ بلکہ یہ استعمال کرنے والوں کے اوپر ہے کہ وہ اس کو کس طرح استعمال کرتے ہیں۔ انسان کو عقل و شعور جیسی عظیم نعمت صحیح اور غلط میں فرق کرنے کے لیے دی گئی ہے۔ انسان خود صحیح اور غلط میں تمیز کر سکتا ہے۔ انسان کو اپنے وجود اور زندگی کی حفاظت کرنی چاہیے۔ آج کے ماحول کو دیکھتے ہوئے لگتا ہے کہ نہ صرف بچوں کو بلکہ بڑوں کو بھی موبائل فون کے استعمال کے متعلق بیدار کرنا اشد ضروری ہے۔

معاشرے کے ہر ایک فرد کو اہم کردار ادا کرنا ہوگا۔ ہمیں چاہیے کہ خود موبائل فون کا غیر ضروری استعمال نہ کریں اور ساتھ ہی گھر والوں کو بھی تاکید کریں بچوں اور نوجوان نسلوں کو ذہنی و جسمانی سرگرمیوں میں مصروف رکھیں تاکہ ان کے پاس موبائل فون استعمال کرنے کا وقت ہی نہ ہو۔

**دراصل موبائل فون خود ایک اچھا یا برا پلیٹ فارم نہیں ہے۔ بلکہ یہ استعمال کرنے والوں کے اوپر ہے کہ وہ اس کو کس طرح استعمال کرتے ہیں۔ انسان کو عقل و شعور جیسی عظیم نعمت صحیح اور غلط میں فرق کرنے کے لیے دی گئی ہے۔ انسان خود صحیح اور غلط میں تمیز کر سکتا ہے۔**

## اگر گلوکارہ نہ ہوتی تو مصورہ ہوتی: اوشا منگیشکر

(یو این آئی)

معروف گلوکارہ اوشا منگیشکر آج اپنی 90ویں سالگرہ منا رہی ہیں۔ اوشا کی پیدائش 15 دسمبر 1935 کو مدھیہ پردیش میں معروف موسیقار و گلوکار دینا ناتھ منگیشکر کے یہاں ہوئی۔ اوشا ان کی چوتھی بیٹی ہیں جو لتا منگیشکر، آشا بھوسلے اور مینا کھڑیکر سے چھوٹی ہیں جبکہ بھائی ہردے ناتھ منگیشکر سے بڑی ہیں۔

بہت کم عمر میں ہی اوشا کے سر سے والد کا سایہ اٹھ گیا۔ جس وقت دینا ناتھ منگیشکر کا انتقال ہوا، اُس وقت اوشا کی عمر محض چھ برس تھی۔ والد کے اچانک انتقال کے بعد اوشا اور ان کے بہن بھائیوں کو کئی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ لتا منگیشکر نے موسیقی کی دنیا میں قدم رکھا، پھر آہستہ آہستہ آشا بھوسلے، مینا اور اوشا بھی گلوکاری سے وابستہ ہوگئیں۔ موسیقی انہیں وراثت میں ملی۔

اوشا منگیشکر نے سال 1954 میں ریلیز ہوئی فلم 'صبح کا تارا' کے گیت 'بڑی دھوم دھام سے میری بھابھی آئی' سے بالی ووڈ میں قدم رکھا۔ یہ ایک رومانوی ڈراما گیت تھا۔ اس کے بعد انہوں نے اپنے گلوکاری کے کریئر میں ہندی، مراٹھی، بنگالی، بھوجپوری، نیپالی، کنڑ اور آسامی سمیت کئی زبانوں میں گیت گائے۔

فلموں میں آنے سے پہلے، لتا منگیشکر سے ملتی جلتی شکل اور آواز کی وجہ سے اُن کا کریئر کچھ خاص نہیں چل سکا اور ایسا ہونا فطری بھی تھا۔ اوشا کو معاون اداکاراؤں کے لئے اور کبھی کبھی مرکزی اداکارہ کے لیے گیت گانے کا موقع ملا لیکن یہ کم بجٹ والی فلمیں تھیں۔ بڑے بینرز میں اُن کی شراکت ہمیشہ معاون اداکارہ کے لیے ایک یا دو دوگانوں تک محدود رہی۔ انہوں نے دیگر گلوکاراؤں کے ساتھ، جن کی تعداد اکثر تین یا چار ہوتی تھی اجتماعی گیت بھی گائے۔

اُن کا سب سے مشہور ہندی فلمی دوگانا فلم 'آزاد(1955)' کا لتا کے ساتھ گایا ہوا گیت 'اپلم چپلم چپلائی رے' ہے۔ اس گیت کے بعد انہیں اسی نوعیت کے مزید رقص پر مبنی گیتوں کی آفرز ملیں۔

اُن کا ایک اور مشہور دوگانا 'او لیلیے پنچھی'، جو انہوں نے آشا کے ساتھ فلم 'دیوداس(1955)' میں گایا۔ 'تم کو پیا دل دیا' لتا منگیشکر کے ساتھ اُن کا ایک اور دوگانا ہے جو فلم کا سب سے مقبول گیت تھا اور آج بھی اتنا ہی مقبول ہے۔

منا ڈے کے ساتھ فلم 'پیار کیے جا(1966)' کا گیت 'او میری مینا' ایک مزاحیہ گیت تھا جسے انہوں نے تیسری مرکزی اداکارہ کے لیے گایا تھا۔ اس گیت میں اُن کی آواز میں نمایاں تبدیلی نظر آتی ہے۔ ایسے جوشیلے گیتوں میں اُن کی اور لتا کی آواز میں زمین آسمان کا فرق نظر آتا ہے۔ اُن کی آواز میں تیکھا پن آ گیا تھا۔ ان کی آواز لتا منگیشکر کے مقابلے تیز اور بلند آہنگ تھی۔ لتا اپنی نرمی برقرار رکھ سکتی تھیں، لیکن ایسے گیتوں میں اوشا یہ نرمی برقرار نہیں رکھ پاتی تھیں۔ بعد میں 'جے سنتوشی ماں' اور کچھ دیگر فلموں میں یہی آواز اُن کے کام آئی۔ زیادہ تر لوگ انہیں اسی آواز سے یاد کرتے ہیں۔



آشا کے ساتھ اُن کا ایک اور قابلِ ذکر دوگانا فلم 'رفو چکر(1975)' کا 'چھک چھک چھک' تھا، جسے رشی کپور اور پینٹل پر خواتین کے لباس میں فلمایا گیا تھا۔ یہ اندازہ لگانا مشکل نہیں کہ اوشا کی آواز کس کردار کے لیے تھی۔ ایک بار پھر انہوں نے اپنی نئی آواز کا مظاہرہ کیا۔ فلم 'جے سنتوشی ماں' نے ان کی قسمت ہی بدل دی۔ 1975 میں ریلیز ہوئی اس فلم کے گیت 'میں تو آرتی اُتاروں' نے اوشا منگیشکر کو گھر گھر میں پہچان دلائی۔ اس کے لیے انہیں کئی اعزازات سے نوازا گیا اور اسی فلم کے گانوں کے لیے اوشا منگیشکر کو فلم فیئر کی بہترین پلے بیک سنگر (خاتون) کے لیے نامزدگی بھی حاصل ہوئی۔

فلم 'قانون اور مجرم(1981)' کا گیت 'شام رنگین ہوئی ہے' جسے سریش واڈکر پر فلمایا گیا ہے، ایک دلکش دوگانا ہے جو ایسے وقت میں منظر عام پر آیا جب موسیقی کی دنیا بحران کا شکار تھی۔ موسیقار سی ارجن، جنہوں نے 'جے سنتوشی ماں' میں بھی موسیقی دی تھی، نے اُن کی نرم آواز کا استعمال کیا اور یہ شاندار گیت تخلیق کیا جو اس بات کا عکاس ہے کہ اگر گیت کی ڈیمانڈ ہوتی تو وہ اپنی آواز میں شیرینی بھی لا سکتی تھیں۔

اوشا نے سولو گیت بھی گائے۔ اگرچہ ان کی تعداد کم تھی مگر وہ یادگار رہے۔ مثال کے طور پر اُن کا پہلا ہندی فلمی گیت 'صبح کا تارا(1954)' کا 'بھابھی آئی بھابھی آئی' ایک بچے پر فلمایا گیا تھا۔ یہ اُن کے لیے ایک شاندار آغاز تھا مگر وہ اے گریڈ فلموں میں اپنی مضبوط چھاپ نہ چھوڑ سکیں۔ انہوں نے بی گریڈ فلموں کے گیت قبول کرنے شروع کیے اور وہیں اُن کا دائرہ محدود ہو گیا۔ کبھی کبھار ہی انہیں اے گریڈ فلموں میں معاون گلوکارہ کے طور پر گیت گانے کا موقع ملتا۔ ایک اور سولو گیت جس میں اُن کی آواز کی معصومیت جھلکتی ہے وہ فلم 'پنچایت(1958)' کا 'چاچی اکڑ گئی' ہے جو ایک بچے پر فلمایا گیا تھا۔

اُن کی آواز صرف بچوں تک ہی محدود نہیں تھی۔ فلم 'میں نشے میں ہوں(1958)' کا گیت 'یہ نہ تھی ہماری قسمت' مرزا غالب کی ایک غزل ہے، جسے انہوں نے نہایت خوبصورتی سے گایا۔

ایک اور موسیقار جنہوں نے اُن کی صلاحیت کو پہچانا اور انہیں بہترین گیت دیے وہ ایس ڈی برمن تھے مثال کے طور پر فلم 'فاگن(1973)' کے گیت 'میرو تو گری دھر گوپال' میں اوشا نے وحیدہ رحمان کے لیے میرا کا بھجن گایا۔

ہیلن کو بے پناہ شہرت دلانے والا گیت فلم 'انکار(1977)' کا 'منگلا منگلا' تھا، جسے راجیش روشن نے موسیقی دی اور جو اپنی طرز کا ایک منفرد گیت تھا جس نے بڑے پیمانے پر ناظرین سے پذیرائی حاصل کی۔

اوشا نے مجروح سلطان پوری کو مراٹھی بول لکھنے میں مدد کی۔ اس سے پہلے بھی وہ راجیش روشن کے لیے گا چکی تھیں۔ انہوں نے سپرہٹ فلم 'جولی(1975)' میں آشا کے ساتھ ایک دوگانا اور دیگر فلموں جیسے 'کھٹا میٹھا(1978)' اور 'ہماری بہو الکا(1982)' کے لیے بھی گیت گائے۔

بدقسمتی سے، چند بلاک بسٹر ہٹس کے باوجود اُن کے مقام کو وہ عروج حاصل نہ ہو سکا جو ان کی بہنوں لتا اور آشا کے حصے میں آیا۔ اس کے برعکس اُن کے مراٹھی گیت- چاہے فلمی ہوں یا غیر فلمی- انتہائی مقبول رہے۔ انہوں نے بنگالی، گجراتی، کنڑ، بھوجپوری اور نیپالی زبانوں میں بھی گیت گائے۔

اوشا منگیشکر کو لوک موسیقی سے خاص دلچسپی رہی ہے۔ انہوں نے 60 برس سے زیادہ عرصے تک گلوکاری کی۔ 1992 میں انہوں نے دوردرشن کے لیے میوزیکل ڈراما 'پھول وتی' پروڈیوس کیا، جس کی کہانی بابا صاحب پُرندرے پر مبنی تھی۔

اوشا منگیشکر کے بارے میں بہت کم لوگ جانتے ہیں کہ گلوکاری ان کا پہلا شوق نہیں تھا وہ دراصل مصورہ بننا چاہتی تھیں۔ ایک بار گفتگو کے دوران انہوں نے کہا تھا کہ اگر وہ گلوکارہ نہ ہوتیں تو پینٹنگ کرتیں۔ اوشا منگیشکر ممبئی میں کئی بار اپنی پینٹنگز کی نمائش بھی لگا چکی ہے۔ 'دیدی' لتا منگیشکر کے کہنے پر وہ گلوکاری کے میدان میں آئیں اور ان کا گایا ہوا بھجن 'میں تو آرتی اُتاروں رے سنتوشی ماتا کی' ہندی سنیما کے لازوال گیتوں میں شامل ہوگیا۔ بغیر کسی تشہیر کے ریلیز ہوئی فلم 'جے سنتوشی ماں' اتنی مقبول ہوئی کہ لتا منگیشکر نے اسے دیکھنے کی خواہش ظاہر کی اور ان کے لیے گھر پر ہی فلم دکھانے کا انتظام کیا گیا۔

سچے فن کو اظہار کی ضرورت نہیں ہوتی وہ اپنا آپ خود منوا لیتے ہیں۔ پینٹر ہوں یا گلوکارہ اوشا کو اپنا ٹیلنٹ منوانے کا ہنر آتا ہے۔

بیاد گارِ مرحوم پیرزادہ محمد یوسف قادری صاحب

روزنامہ آفاق سرینگر

Daily AFAAQ Srinagar

منگلوار ۱۶ دسمبر ۲۰۲۵ء بمطابق ۲۴ جمادی الثانی ۱۴۴۷ھ

## (اقوال زریں)

اچھے لوگوں کی صحبت اختیار کرو اس سے تمہارے افعال اچھے ہو جائیں گے (ابن جوزیؒ)

## ایک اہم معاشرتی مسئلہ

آج کل ہر طرف ماحولیاتی آلودگی اور اس کے اثرات کا شور ہے کہ فضائی آلودگی، پانی کی آلودگی، زمینی آلودگی، شور کی آلودگی، اور یہ کیسے کنٹرول ہو سکتی ہے وغیرہ۔ لیکن آلودگی کی ایک قسم ایسی بھی ہے جس کا شور تو شاید سب سے زیادہ ہے لیکن ہم اس سے بالکل انجان بنے بیٹھے ہیں، حالانکہ اس کے مکمل ذمے دار ہم ہی ہیں، اور وہ ہے احساس کی آلودگی۔

اس آلودگی کا چرچا ہر روز پرنٹ، الیکٹرانک اور سوشل میڈیا پر ہوتا ہے، لیکن ہم چونکہ اپنا بینک بیلنس بھرنے میں اس حد تک مصروف ہو چکے ہیں کہ ہم ان چیزوں کو اتنی اہمیت نہیں دیتے جو کہ ہماری بنیاد ہیں۔

مادہ پرستی کے اس دور میں ہم ہر چیز کو پیسے سے تولتے ہیں، بے شک روپیہ پیسہ بہت کچھ ہے، لیکن سب کچھ نہیں۔ اس بہت کچھ کو حاصل کرنے کے چکر میں ہم سب کچھ بھلا بیٹھے ہیں۔ وہ سب کچھ کیا ہے، وہ ہمارے رشتے ہیں، کچھ خون کے، کچھ برادری کے، کچھ محلے داری کے، کچھ نسبت کے، لیکن ہم ہر چیز سے نابلد ہیں۔

بیٹے نے والدہ پر ہاتھ اٹھا دیا، کبھی بیوی کی وجہ سے، کبھی کھانا لیٹ دینے پر۔ بھائی بھائی کے خون کا پیاسا ہے، کوئی جائیداد میں اپنی بہن کا حصہ دبائے بیٹھا ہے۔ یہ سب کیا ہے؟ اس سب سے ہم کیسے باہر نکلیں گے؟ آخر کب تک یہ سب ایسے ہی چلتا رہے گا؟

بڑا آسان سا سوال ہے اور اس کا جواب بھی ویسے تو بہت آسان ہے، لیکن ہم اس کا جواب تلاش کرنے کے حق میں نہیں ہیں۔ ہم کہتے ہیں، جو جیسے ہے ویسا ہی چلتا رہے، بلکہ جو جیسے ہے وہ ویسے نہ چلے بلکہ ہماری مرضی سے چلے۔ ہم تو ایسے مذہب کے ماننے والے ہیں جس میں کسی کو اچھی راہ دکھانا بھی صدقہ ہے، راستے سے تکلیف دہ چیز کو ہٹا دینا بھی صدقہ ہے۔ وہاں رشتوں کے تقدس کو کتنی اہمیت دی گئی ہے، ہمیں اس کا اندازہ نہیں ہے۔

قرآن کہتا ہے 'والدین کو اف تک نہ کہو'۔ لیکن ہم اپنی انا میں اپنے حقوق کی جنگ لڑنے روز سڑکوں پر نکلتے ہیں، فرائض کی بات کون کرے۔ حضورؐ کی حدیث مبارکہ کا مفہوم ہے کہ جو اپنے لئے پسند کرو، اپنے بھائی کیلئے بھی وہی پسند کرو۔ لیکن ایسا کون کرے، سب کو اپنی تجوری پسند ہے۔

شوہر کی تعظیم کیلئے یہاں تک بات کی گئی کہ اگر اللہ کے بعد کسی کو سجدہ کا حکم ہوتا تو بیوی کو حکم دیا جاتا وہ اپنے خاوند کو سجدہ کرے۔ شوہر کو تلقین کی گئی کو وہ روپیہ پیسہ جو وہ اپنی بیوی پر لگائے گا وہ بھی صدقہ میں شمار ہوگا۔ آج کل شاید ہی کسی کی ایسی سوچ ہو۔ ہمسائیوں کی بات کریں تو اسلام نے اتنی تاکید کی (حدیث کے مفہوم کی روشنی میں) اگر کوئی سالن پکاؤ تو شوربہ زیادہ کر لو اور ہمسائے کے گھر بھی سالن بھیجو۔ آج کون ایسا کرتا ہے؟ کوئی بھی نہیں۔

تو پھر یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ ہم احساس کی آلودگی سے آلودہ معاشرے میں رہ رہے ہیں۔ یہ آلودگی ہماری اسی فرسودہ سوچ، لالچی طبیعت کا نتیجہ ہے۔ ہم اگر ان نصیحتوں پر عمل پیرا ہو جائیں جن میں ہمارے فرائض کی بات کی گئی ہے تو یقین مانیے ہم سب کے حقوق بالکل سیدھے ہو جائیں گے۔

